22/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(وزیر اعلیٰ اطلاعات کیمپس)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اتر پردیش، لکھنؤ

ٹریس،ٹیسٹ،ٹریٹ اور ٹیکا کاری کی پالیسی کے موثر نفاذ سے ریاست میں کووڈ انفیکشن قابو میں: وزیر اعلیٰ

39 اضلاع میں کووڈ کا ایک بھی مریض نہیں

یومیہ 20 لاکھ کووڈ ٹیکا کاری کا ہدف رکھا جائے

لکھنؤ: 22، دسمبر 2021

وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ ٹریس،ٹیسٹ،ٹریٹمنٹ اور ویکسی نیشن کی پالیسی کے موثر نفاذ کی وجہ سے ریاست میں کووڈ انفیکشن قابو میں ہے۔کورونا انفیکشن کی روک تھام اور علاج کے انتظامات کو مسلسل مضبوط بنانے کی ہدایت دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کووڈ پروٹوکال کی مکمل عمل آوری کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے نئے ویرینٹ کی روک تھام کے لیے حکومت ہند کے تازہ ترین ہدایات کے مطابق سبھی مناسب اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔

وزیر اعلیٰ آج یہاں اپنی سرکاری رہائش گاہ پر ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں ریاست میں کووڈ 19 کی صورتحال کا جائزہ لے رہے تھے۔ میٹنگ میں وزیر اعلیٰ کو بتایا گیا کہ گزشتہ 24 گھنٹے میں ریاست میں کورونا انفیکشن کے 21 نئے کیس سامنے آئے ہیں۔اس دوران 14 افراد کو کامیاب علاج کے بعد ڈسچارج کر دیا گیا۔اس وقت ریاست میں کورونا کے فعال کیسوں کی تعداد 216 ہے۔

وزیر اعلیٰ کو بتایا گیا کہ امبیڈکر نگر، امیٹھی، اوریا، اجودھیا، اعظم گڑھ، بدایوں، باندہ، بارہ بنکی، بستی، بہرائچ، چندولی، چترکوٹ، ایٹہ، اٹاوہ، فرخ آباد، فیروز آباد، گونڈہ، گورکھپور، ہاپڑ، ہردوئی، ہاتھرس، جونپور، کاس گنج، کوشامبی، کشی نگر، للت پور، مہوبہ، مین پوری، مؤ، مرزاپور، مرادآباد، پیلی بھیت، پرتاپ گڑھ، سنت کبیر نگر، شاملی، شراوستی، سدھارتھ نگر، سیتاپور اور سلطان پور میں کووڈ کا ایک بھی مریض نہیں ہے۔

میٹنگ میں وزیر اعلیٰ کو بتایا گیا کہ گزشتہ روز تک ریاست میں کورونا ویکسین کی 18 کروڑ 88 لاکھ 31 ہزار سے زائد خوراکیں دی جا چکی ہیں۔ ویکسین کی دونوں خوراکیں لے کر 06 کروڑ 56 لاکھ 60 ہزار سے زیادہ لوگوں کو کوویڈ سے تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔ 12 کروڑ 31 لاکھ 71 ہزار سے زیادہ لوگوں کو کووڈ ویکسین کی پہلی خوراک ملی ہے۔ یہ تعداد ریاست کی کل آبادی کا 83.55 فیصد ہے جو ویکسی نیشن کے لیے مجاز ہیں۔گزشتہ 24

گھنٹے میں ریاست میں 01 لاکھ 84 ہزار 494 کورونا ٹیسٹ کیے گئے۔ ریاست میں اب تک 09 کروڑ 12 لاکھ 39 ہزار 26 کووڈ ٹیسٹ ہو چکے ہیں۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بورڈ کے اسکولوں میں عوامی تعاون سے کایا کلپ کو کامیابی کے ساتھ کرتے ہوئے ان اسکولوں کو متعدد سہولیات سے آراستہ کیا گیا۔ اسی طرح آنگن باڑی مراکز کو گود لینے کے سلسلے میں لوگوں سے مطالبہ کرنا مناسب ہوگا۔ گورنر نے خود اس سلسلے میں پہل کی ہے اور رہنمائی کی ہے۔ سرکاری ملازمین کو ایک آنگن باڑی مرکز کو گود لینے کی ترغیب دی جائے۔ انہوں نے اس سلسلہ سے تفصیلی ایکشن پلان پیش کرنے کی ہدایت دی۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاست کی تیزی سے شہر کاری نے ریاست کو ابھرتی ہوئی معیشت کے طور پر قائم کیا ہے۔ موجودہ حکومت کی کوششوں سے ریاست میں شہری ترقیات کے میدان میں تیزی سے مثبت تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں۔ حکومتی سطح پر مختلف شہری اداروں کی حدود کو وسیع بنانے کے لیے کارروائی کی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ کئی نئے شہری ادارے بھی بن چکے ہیں۔ مستقبل کی ضروریات کے مدنظر نئے شہروں کے قیام اور ترقی کے لیے منصوبہ بند کوششیں کرنا ہوں گی۔ انہوں نے محکمہ شہری ترقیات اور ہاؤسنگ ڈپارٹمنٹ کو ہدایت دی کہ وہ ریاست کے مختلف علاقوں میں نئے شہروں کے قیام کے لیے رپورٹ پیش کریں۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اے کے ٹی یو، لکھنؤ، مدن موہن مالویہ ٹیکنیکل یونیورسٹی، گورکھپور اور ایچ بی ٹی یو، کانپور اور دو دیگر اداروں کے ماہر سول انجینئروں کی ایک ٹیم تشکیل کر زیر تعمیر لائٹ ہاؤس پروجیکٹ کا گہرائی سے مطالعہ کرایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کم قیمت پر مضبوط اور پائیدار مکانات کا یہ طریقہ ریاست میں ہاؤسنگ اسکیموں کو وسعت دینے میں کارآمد ثابت ہوسکتا ہے۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاستی اسمارٹ سٹی مشن کے تحت منتخب شہروں میں کئے گئے ترقیاتی کاموں کا مکمل جائزہ لیا جائے۔ عوامی اہمیت کے منصوبوں جیسے انٹیلی جینٹ ٹریفک مینجمنٹ سسٹم، ملٹی لیول پارکنگ، اسمارٹ روڈ وغیرہ کو تیزی سے مکمل کیا جائے۔ ان کاموں کے لیے فنڈز کی کوئی کمی نہیں ہوگی۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بدلے ہوئے حالات کے مطابق تعلیمی اداروں کے نصاب کو اپ ڈیٹ کرنا ضروری ہے۔ آئی ٹی آئی میں ایسی بہت ایسے بہت سے ٹریڈ چل رہے ہیں جن کی فی الحال ضرورت نہیں ہے۔ اس کے پیش نظر نصاب کا جائزہ لینے کے لیے ووکیشنل ایجوکیشن اور انڈسٹری کے ماہرین کی ایک کمیٹی تشکیل دی جائے۔ غیر ضروری ٹریڈ کو ختم کرتے ہوئے نئے ٹریڈ شروع کئے جائیں۔ انہوں نے ووکیشنل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو ہدایت

دی کہ وہ اس سلسلے میں بلا تاخیر کارروائی کریں۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ 24 جنوری کو ریاست کے یوم تاسیس 'یوم اترپردیش' کے طور پر منانے کی روایت ریاستی حکومت نے سال 2018 میں شروع کی تھی۔ ریاست کے شہروں اور مواضعات کی آبادکاری اور تشکیل کی اپنی تاریخ ہے۔ قصبوں اور گاؤں کی پنچایتوں کی تاریخ مرتب کرنے اور اسے لکھنے کی ضرورت ہے۔ اس کی بنیاد پر متعلقہ گاؤں یا شہر میں یوم اترپردیش کی طرز پر یوم مواضعات/ ٹاؤن منایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے محکمہ شہری ترقیات اور محکمہ دیہی ترقیات کو اس سلسلے میں موثر کارروائی کرنے کی ہدایت دی ہے۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ صحت اور غذائیت سے متعلق بیداری پیدا کرنے کے مقصد سے 'سانسد سواستھ بال پرتیوگیتا' کا انعقاد کیا جائے۔ اس سلسلے میں حکومت ہند کی جانب سے ایک پروگرام چلایا جارہا ہے۔ اسی طرح دیسی نسل کی دودھ دینے والی گایوں کا مقابلہ بھی کروایا جائے۔ اس کے تحت بہترین مویشی پالنے والوں کو انعامات سے نوازا جائے۔

☆☆☆☆☆